زینائیدا آلکساندرووا

میرا میشکا

زینائیدا آلکساندرووا

میرا میشکا

ترجمہ : ظ ۔ انصاری

تصویریں : ای — کلمہ گورتسیوا

دارالاشاعت ترقی
ماسکو

لو میشکا، یہ دلیہ تو کھدبد ابل گیا
کفگیر لاؤ، دیکھیں زرا، دانہ گل گیا
کھانے سے پہلے دھوتے ھیں سب لوگ ھاتھ منھ
اس تولیے سے پونچھ لو تم ساتھ ساتھ منھ

کھانا گرے گا، سامنے رومال باندھ لو
نمکین کھاؤ، میٹھا چکھو، دودھ بھی پیو
کھا پی چکو تو نکلیں گے ہم دونوں سیر کو

وہ دیکھو مرغیاں

وہ چنیا بطخیں

جھبرا چھپا ھواھے کٹھرے کی آڑ میں

ہم کیوں بلائیں، دوڑ لگائیں، نکل چلیں

بکری نے پانی پیتے سے منھ کیوں ہٹالیا ؟
غصے سے ہم کو گھور رہی ہے بلاوجہ

یہ قائیں قائیں کرکے جو آتی ہیں بطخیں
ان سے ڈرو تو اور ڈراتی ہیں بطخیں

تم میشکا سنبھل کے چلو، راستہ ہے تنگ
تختہ لچک رہا ہے، اٹھے پاؤں میرے سنگ
پانی ہے صاف، تیریں گے اس میں، نہائیں گے
لیٹیں گے، دھوپ کھائیں گے، کپڑے سکھائیں گے

سیرا کہا نہ مانے، اچھل کود کر چلے
لچکا جو تختہ، پانی میں پھسلے غڑاپ سے

جھبرے جھبرے دوڑ کے آنا
میشکا ڈوبا، اس کو. بچانا

آتے سمے تو بھول گئے تم
اب پانی میں پھول گئے تم
جھبرا پہلے سے گھر بھاگا
ڈانٹ پڑے گی، اب ڈرلاگا

З. АЛЕКСАНДРОВА

МОЙ МИШКА

На языке урду

Художественный редактор *В. Пушкарева*
Технический редактор *В. Шиц*

Подписано к печати 29/IV 1972 г. Формат 60×90¼.
Бум. л. 1. Печ. л. 2. Уч.-изд. л. 2,16. Изд. № 14417.
Заказ № 2668. Цена 26 коп. Тираж 5000.

Издательство „Прогресс"
Комитета по печати при Совете Министров СССР.
Москва Г-21, Зубовский бульвар, 21

Ленинградская фабрика офсетной печати № 1 Главполиграфпрома Комитета по печати при Совете Министров СССР. Ленинград, Кронверкская ул., 7.